NYC Public Schools
PS+YOU
From Chancellor David C. Banks
چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

سمر رائزنگ 2023 برائے K-8 کے لیے تیار ہوں!

عزیزی نیویارک کے مکین،

پچھلے سال، تمام شہر کے طلبا نے ہمارے جامع سمر لمرننگ پروگرام— سمر رائیزنگ—میں حصہ لیا تھا جس میں پُرلطف اور تقویتی سرگرمیاں شامل تھیں، پارکس اور میوزیم کے دوروں سے لے کر مسابقت طلب کمپیوٹر سائنس اور روباٹکس تجربات تک۔ مجھے پچھلے سال چند سمر رائزینگ مقامات کا دورہ کرنے کا موقع ملا تھا اور میں اس تعلیم اور تحقیق کو دیکھ کر بہت متاثر ہوا تھا جس سے ہمارے بچے لطُف اندوز ہورہے تھے۔

یہ مفت پروگرام ہمارے طلبا اور خاندانوں کے لیے ایک حقیقی کامیابی ہے، اور مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی ہورہی ہے کہ ہم اس موسمِ گرما میں اسکی دوبارہ پیشکش کریں گے—اب ایک مزید مساواتی اور مشمولاتی درخواست دینے کے طریقِ کار کے ساتھ۔

سمر رائزینگ 2023 مصروفِ عمل کرنے والی، اعلی معیار کی تعلیمی معاونت فراہم کرے گا جو عالمی وبا کی وجہ سے ہونے والی تعلیمی نقصان کو پورا کریں گی اور ساتھ ہی کھیلنے، تخلیق و تحقیق کرنے کے متعدد مواقع بھی۔ نیو یارک شہر کے گریڈز K–8 کے طلبا نئی دلچسپیوں کو فروغ دیں گے اور صلاحیتیں تعمیر کریں گے اور ساتھ ہی اپنے ہمسروں، اسکول برادری، اور ہمارے عمدہ شہر سے روابط قائم کریں گے۔ تمام پروگرامز سماجی، جذباتی اور تعلیمی معاونت فراہم کریں گے جسکی آپکے بچوں کو اسکول کے اندر اور باہر پھلنے پھولنے کے لیے ضرورت ہوگی۔

ہم ایک بار پھر پانچوں بروز میں تقریباً 110,000 طلبا کو خدمات فراہم کرنے میں محکمہء نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی کی شراکت پر خوش ہیں۔ اندراج 17 اپریل کو ایک بہتر درخواست دہی طریقِ کار کے ساتھ کھلے گا۔ پہلے آؤ پہلے پاؤ کے طریقِ کار کے بجائے، آپ اب مختلف

پروگرام انتخابات کی درجہ بندی کرسکیں گے۔ یہ آپکے ایک تقرری موصول کرنے کے امکانات کو بہتر بنائے گا جو آپکے بچے کے حق میں بہترین ہوگی۔

نشستوں کو پُر کرنے کے لیے، ہم ان طلبا کو ترجیح دے رہے ہیں جنکے لیے گرمیوں کے اسکول میں شرکت لازمی ہے، عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے اور فوسٹر کئیر میں طلبا، 12- ماہ IEP پروگراموں میں طلبا، اور وہ جو تعلیمی سال میں برادری پر مشتمل پروگرام یا ملحقہ اسکول برادری (پروگرام) میں مندرج ہیں۔ ہم نے یہ تبدیلیاں ہمارے خاندانوں، برادری پر مشتمل تنظیموں، اور اسکولوں کی جانب سے تبصرات کی بنیاد پر کی ہیں، اور ہم ہر ایک کی آرا کے شکرگزار ہیں۔ ان اصلاحات سے قطع نظر، وہ طلبا جن کے لیے گرمیوں کے پروگرامنگ میں شرکت لازمی ہے وہ اپنے ہوم اسکول سے ملحقہ ایک نشست تک رسائی کے قابل ہونگے۔

میں آپکی 17 اپریل کو درخواست کے پورٹل کے لنک پر جانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں: nyc.gov/SummerRising پورٹل قابلِ ترجمہ ہوگا اور انٹرنیٹ کنیکشن کے ساتھ کسی بھی آلے کے ذریعے اس تک رسائی حاصل کی جا سکے گی۔ ہم نے والدین ربط دہندگان کو تربیت دی ہے جو خاندانوں کی درخواست مکمل کرنے میں اعانت کریں گے جنکو مدد درکار ہوگی۔ درخواست دہی کا دورانیہ 1 مئی کو بند ہوجائے گا، اور ہم تقریباً ایک ہفتے کے بعد تقرریوں کی بذریعہ ای میل تصدیق کریں گے۔

میں ہمارا مقبول سمر رائزینگ پروگرام واپس لانے پر بہت پُرجوش ہوں۔ ہمارے تمام طلبا سال بھر تعلیم جاری رکھنے کے موقع کے حقدار ہیں۔ میں آنے والے ہفتوں میں سمر پروگرامنگ کے بارے میں مزید تفصیلات کا اشتراک کرونگا، اور مجھے اعتماد ہے کہ ہم موسمِ گرما 2023 کو بہترین بنائیں گے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

ہماری ہفتہ وار وڈیو برائے خلاصہ

اور یہاں **میئر Eric Adams کا ہفتہ وار وڈیو** ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے جدید معلومات براہِ راست موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، **براہِ مہربانی یہاں کلک کریں**۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئی کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔
"Auto-translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی **ن سبسکرائب کریں**۔